سوال

(867) کیا امام مہدی کا ظہور برحق ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

امام مہدی کا ظہور نہیں ہوگا۔ ظہورِ مہدی کا عقیدہ احمد بن حنبل جیسے شیعہ نے گھڑا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام مہدی کا ظہور برحق ہے، اس بارے میں وارد روایات صحیح، حسن اور ضعیف کی قبیل سے ہیں۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو، ہمارے شیخ عبد المحسن العباد کی کتاب عقیدة اہل السنة والاثر فی المھدی المنتظر اور النہایة ابن کثیر (۱۱/۲۷) امام احمد پر تشیع کا فتویٰ لگانا الزام تراشی ہے، امام موصوف اس سے بری تھے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، متفرقات: صفحہ: 592

محدث فتویٰ